© rasailojaraid.com



**جماعت اسلامی کا جائزہ**، مولانا عامر عثمانی۔ مرتبہ: سید علی مطہر نقوی امروہوی۔ ناشر: مکتبہ الحجاز پاکستان، اے ۲۱۹ سی بلاک ۲، شمالی ناظم آباد، کراچی۔ صفحات: ۳۴۶۔ قیمت: درج نہیں۔

مولانا مودودیؒ کو اپنی دعوت کے جواب میں اول روز ہی سے بہت سے حلقوں کی طرف سے مخالفت کا سامنا کرنا پڑا، جس نے بعض اوقات، اندھی دشمنی اور تعصب کی وجہ سے سب و شتم کی شکل اختیار کرلی۔

مولانا مودودیؒ نے اپنے رفقا سے بار بار فرمایا: کہ "اس سب و شتم کا جواب دینے کے لیے، میرے (مولانا مودودی) کے علاوہ کوئی بھی مکلف نہیں" تاہم دینی حمیت، علمی دیانت اور شہادت حق کا فرض ادا کرتے ہوئے، جن افراد نے مولانا اور جماعت اسلامی کا دفاع کیا، ان میں مولانا عامر عثمانی (ف: ۱۹۷۵ء) کا نام ناقابل فراموش ہے۔ دیوبند میں رہتے ہوئے، دیوبند کے ایک حصے سے الزامات و اتہامات کا مقابلہ وہ تن تنہا اپنے ایمان، قلم اور دماغ کے ساتھ کرتے رہے۔ قرآن، تفسیر، فقہ، تاریخ اور حدیث کے عظیم الشان ذخیرے سے مدد لیتے ہوئے انھوں نے ہر قسم کی یاوہ گوئی کا دندان شکن جواب دیا۔

عامر عثمانی مرحوم صرف دینی علوم ہی کے عالم اور رمز شناس نہیں تھے، بلکہ ایک بلند پایہ شاعر اور شگفتہ قلم ادیب بھی تھے۔ ان کے پرچے ماہ نامہ تجلی دیوبند کا ایک حصہ مولانا مودودیؒ اور جماعت اسلامی کے دفاع کے لیے مختص ہوتا تھا۔ زیر تبصرہ کتاب تجلی میں شائع ہونے والے اسی نوعیت کے مضامین کا انتخاب ہے۔ دلیل کی قوت اور ادب کی گرفت سے مرصع یہ جواب پڑھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ انھیں پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ علماے کرام کس زبان میں اور کس انداز سے حملہ آور ہوتے تھے، مگر افسوس کہ وہ جان بوجھ کر اس حقیقت کو نظرانداز کر رہے تھے کہ وہ خود اپنے خلاف بھونڈے انداز سے گواہی دے رہے ہیں۔ ایسے مفتیان کرام سے عامر عثمانی مرحوم نے جو قلمی مباحثہ کیا، اس کی ایک جھلک جماعت اسلامی کا جائزہ میں دیکھی جا سکتی ہے۔ (سلیم منصور خالد)

**Indexation of Financial Assets — An Islamic Evaluation**

[مالیاتی اثاثہ جات کی اشاریہ بندی: اسلامی نقطہ نظر سے ایک جائزہ]، ڈاکٹر ایس ایم حسن الزمان۔ ناشر: انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک تھاٹ، اسلام آباد۔ صفحات: ۲۸۰۔ قیمت: درج نہیں۔

یہ امر خوش آیند ہے کہ عہد حاضر میں اسلام کے معاشی نظام کی تفاصیل اور عصری تقاضوں کے تناظر میں پیدا ہونے والے معاشی مسائل، اسلامی معاشیات کے ماہرین کی خصوصی توجہ کا موضوع بن رہے ہیں۔ اسی نوعیت کا ایک اہم اور نازک مسئلہ قرضوں اور امانتوں کی اشاریہ بندی (Indexation) ہے جسے بنیادی طور پر افراط زر (Inflation) کے عفریت نے جنم دیا ہے۔ افراط زر سے کسی ملک کی معیشت جن گمبھیر

© rasailojaraid.com